جنرل ہسپتال میں کورونا ویکسین کے اثرات وقوت مدافعت جانچنے کیلئے نئے ٹیسٹ کا آغاز

ملک بھر میں پہلا پبلک سیکٹر پی جی ایم آئی نے دور حاضر کی ضرورت کومحسوس کرتے ہوئے ریسرچ کیلئے اہم اقدامات اٹھائے

عالمی ادارہ صحت کی طرف سے ملنے والی تشخیصی مشین پرکام شروع ،جینز کے 4 مختلف ٹیسٹ بھی ہورہے ہیں

ڈائریکٹر ریسرچ لیب ڈاکٹر غزالہ روبی (پی ایچ ڈی) کی نگرانی میں پی سی آر و دیگر ٹیسٹوں کی تفصیلی رپورٹ کا اجراء

انسانی جان سب سے مقدم ،حکومت کا علاج معالجہ کیلئے وافر فنڈز کی فراہمی لائق تحسین :پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 21 مارچ:......پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وجنرل ہسپتال کی سٹیٹ آف دی آرٹ سینٹرل ریسرچ لیب میں انسانی جسم پر کورونا ویکسین کے اثرات اور مرض کے خلاف پیدا ہونے والی قوت مدافعت جانچنے کیلئے سپائیک پروٹین (Spike Protine) ٹیسٹ کا آغاز کردیا گیا۔پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے اس ضمن میں بتایا کہ اس تحقیقی کام کے نتیجے میں یہ بات واضح ہو سکے گی کہ کورونا ویکسین کی پہلی ڈوز لگنے کے بعد متاثرہ شخص کو بیماری کے خلاف مکمل تحفظ فراہم کرنے کیلئے ویکسین کی مزید کتنی خوراکیں درکار ہیں۔اس موقع پر پی ایچ ڈی ہولڈر ڈائریکٹر سینٹرل ریسرچ لیب ڈاکٹر غزالہ روبی، ایم ایس ڈاکٹر عبدالرزاق، ڈاکٹر آمنہ آصف، ڈاکٹر عرفان ملک، ڈاکٹر عبدالعزیز و دیگر بھی موجود تھے۔پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ حکومت کے تعاون سے عالمی ادارہ صحت کی طرف سے ملنے والی مشین پر تحقیق کا کام شروع کیا گیا ہے جس کے تحت کورونا ویکسین کے جینز پر اثرات کے 4 مختلف ٹیسٹ بھی ہورہے ہیں جبکہ ریسرچ ورک کے لئے وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کی طرف سے فراہم کردہ خصوصی فنڈز سے مطلوبہ کٹس بھی منگوالی گئیں ہیں۔

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ پی جی ایم آئی ملک بھر میں پبلک سیکٹر کا پہلا ادارہ ہے جس نے وقت کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اس اہم مشن کا آغاز کیا ہے اور جدت کی روائت کو برقرار رکھتے ہوئے کورونا ویکسین کے اثرات پر تحقیق کا آغاز کردیا ہے جس سے ینگ ڈاکٹرز کو مذکورہ مرض سے بچاؤ وعلاج کے متعلق آگاہی حاصل ہوگی۔اس موقع پر ڈاکٹر غزالہ روبی نے پی سی آر ٹیسٹوں کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ اب تک 40 ہزار پی سی آر ٹیسٹ مکمل ہو چکے ہیں ہم ان ٹیسٹوں کی مکمل تفصیلی رپورٹ جاری کررہے ہیں کہ وائرس انسانی جسم کو کس حد تک متاثر کر چکا ہے اسی لیے اب انسانی جینز پر چاروں طرح کے اثرات کا جائزہ لے کر رپورٹ جاری کررہے ہیں تاکہ مریض کا علاج کرنے میں ڈاکٹر کو مدد مل سکے۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ انسانی جان سے بڑھ کوئی چیز مقدم نہیں ہے لہذا موجودہ حکومت نے اس سلسلے میں واضح ہدایات جاری کررکھی ہیں کہ کورونا وائرس کی روک تھام اور اس مرض میں مبتلا افراد کی زندگیوں کے تحفظ کیلئے جو بھی فنڈز درکار ہوں گے انہیں ہرصورت دیے جائیں گے۔پروفیسر الفرید ظفر نے ڈاکٹرز،نرسز اور پیرامیڈیکس پر بھی زور دیا کہ وہ مریضوں کی بہتر سے بہتر نگہداشت کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں اور حکومت کی طرف سے دی جانے والی سہولتوں سے مریضوں کو مستفید کریں۔

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کو ڈائریکٹر سنٹرل ریسرچ لیب (پی ایچ ڈی) ڈاکٹر غزالہ روبی پی سی آر و دیگر
وائرس اور نیا شروع کئے جانے والا سپائیک پروٹین ٹیسٹ کے بارے بریفنگ دے رہی ہیں